سوال

(89) بیوی کی بھانجی سے نکاح کروانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے ایک عورت سے نکاح کیااوردخول بھی کرچکا ہے اسی عورت کی حقیقی بہن کی ایک لڑکی ہے جودوسرے شوہر سے ہے اگر شخص مذکوہ اس لڑکی سے نکاح کرناچاہے تو اس کےلئے حلال ہے یاحرام ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت اوراس کی بھانجی دونوں کوایک ساتھ نکاح میں نہیں رکھ سکتا آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں : لاتجمع بین المراة وخالتھا ہاں خالہ کے مرجانے یاسا کوطلاق دیدینے کے بعد اس کی بھانجی سے نکاح کرسکتا ہے یاپہلے بھانجی سے نکاح کیا ہو تواس کے مرجانے یااس کوطلاق دیدینے کے بعد خالہ اس کی بھانجی سے نکاح کرسکتا ہے یاپہلے بھانجی سے نکاح کیا ہو تواس کے مرجانے یااس کوطلاق دیدینے کے بعداس کی خالہ سے نکاح کرسکتا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2 ۔ کتاب النکاح

صفحہ نمبر 210

محدث فتویٰ